Session 24th

No 1230

Date 22/05/2017

Department Establishment

دلانوٹس نمبر 1230

منجانب: جناب محمود احمد خان صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ عملہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ ڈپٹی کمشنر ٹانگ نے کرپشن کا بازار گرم کر کے مختلف پوسٹوں پر لاکھوں روپے لے کر بھرتیاں کی ہیں۔ جن میں کلاس فور سے لے کر 16 گریڈ تک کے ملازمین شامل ہیں۔ جس سے میرٹ کی دھجیاں اُڑادی گئیں اور عوام میں بے چینی پائی جاتی ہے۔ لہذا ڈپٹی کمشنر کو فلفور بر طرف کر کے اس کے خلاف انکوائری کی جائے۔

Session 24th
No 1231
Date 22/05/2017
Department E&S Education

دلانوٹس نمبر 1231

منجانب: جناب محمود جان صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ کہ آئی ٹی ٹیچر اور لیب انچارج ابتدائی وثانوی تعلیم میں NTS کے ذریعے 2014 اور 2016 میں بھرتی ہوئے تھے پراجیکٹ کنٹریکٹ جون 2017 میں اختتام پزیر ہو رہا ہے محکمہ فنانس نے مذکورہ آسامیاں Sanctioned کی ہیں۔ جن پر ان اہلکاروں کو تعینات کیا جائے۔ تاکہ یہ overage ہونے سے بچ سکیں مزید یہ کہ Phase-I پراجیکٹ 2004 کے ملازمین 2007 میں ریگولر ہو چکے ہیں۔